

گلدستہ
درود شریف
محمد ﷺ
مفتی عبدالرؤف سکھروی
نائب مفتی جامعہ دارالعلوم کراچی

اہل اسلام اس وقت عالمی سطح پر ابتلاء اور آزمائش کے دور سے گزر رہے ہیں۔ عالمِ کفر کی دجالی تہذیب مختلف شکلوں میں ان کے دلوں سے ایمان کو رخصت کرنے کے لئے زہریلے ہتھیاروں کا استعمال کر رہی ہے جن میں پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا سب سے زیادہ مہلک ثابت ہو رہے ہیں۔ ان عناصر نے مسلمانوں کو ان کے حقیقی مقصد یعنی عبادتِ الٰہی تبلیغِ اسلام اور اقامتِ دین کو ان کے ذہنوں سے محو کر دیا ہے۔

حسبِ مذکورہ بالا صورتِ حال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ہمارا ادارہ اس کوشش میں سرگرداں ہے کہ اسلامی تعلیمات کو عام کیا جائے، مختصر اسلامی لٹریچر کو ہر گھر، اسکول، کالج ہسپتالوں اور کلینکس کی انتظار گاہوں تک پہنچایا جائے تاکہ یہ پیغام ہم سب کے لئے وجہ ہدایت، توشۂ آخرت اور اتمامِ حجت بن جائے۔

اگر آپ اس میں شریکِ کار بننے کے خواہش مند ہوں تو ہم سے رابطہ کریں، آپ کی قیمتی فکر و نظر، سعی و کوشش ہمارے لیے مشعلِ راہ ہوگی۔

اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔ خیر کے کاموں میں ہماری رہنمائی فرمائے۔ آمین

صادق نذیر میموریل ٹرسٹ

برائے مشورہ/تعاون و مزید کتب

Cell: 0300-5327345

اسماء النبی ﷺ

محمد · احمد · حامد · محمود · قاسم · عاقب · فاتح

شاهد · حاشر · رشید · مشهود · بشیر · نذیر · داعٍ · شافٍ · هادٍ

مهدی · ماحٍ · منجٍ · ناهٍ · رسول · نبی · امی · تهامی · هاشمی

ابطحی · عزیز · حریص · رؤوف · رحیم · طٰهٰ · مجتبیٰ · طٰسٓ · مرتضیٰ

حمٓ · مصطفیٰ · یٰسٓ · اولیٰ · مزمل · ولی · مدثر · متین · مصدق

طیب · ناصر · منصور · مصباح · آمر

بسم الله الرحمن الرحيم

IN THE NAME OF ALLAH THE BENEFICENT AND MERCIFUL

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ۝

(الاحزاب ۵۶)

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر رحمت بھیجتے ہیں، اے ایمان والو تم بھی درود بھیجا کرو اور خوب سلام بھیجا کرو (تاکہ ان کا حق عظمت ادا ہو)

درود و سلام پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل ہوتی ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت


اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

وَّاَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ

يَوْمَ الْقِيَامَةِ

جو شخص یہ دُرود شریف پڑھے گا اس کے لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم

کی شفاعت واجب ہوگی۔ (فضائل درود، ص ۲۰)



دُرودِ ابراہیمی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى

اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ (صحاح ستہ)

یہ دُرود شریف سب سے زیادہ صحیح اور سب سے افضل ہے۔ (فضائل درود ص۵۵)

روزی میں برکت

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ
وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ؕ

جس شخص کی یہ خواہش ہو کہ اسکا مال بڑھ جائے وہ مذکورہ درود شریف پڑھا کرے۔ (فضائلِ درود ص ۳۸)



مکمل دُرود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ ؕ


حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ رضی اللہ عنہم سے ایک مرتبہ فرمایا تم نامکمل دُرود شریف نہ پڑھا کرو پھر صحابہ کرامؓ کے دریافت کرنے پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مذکورہ دُرود شریف تعلیم فرمایا۔

(ذریعۃ الوصول، ص ۴۴)

ہر درد کی دوا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
بِعَدَدِ کُلِّ دَاءٍ وَّدَوَاءٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

ہر درد اور بیماری دُور ہونے کے لئے اوّل و آخر مذکورہ دُرود شریف پڑھیں اور
درمیان میں مع بسم اللہ سُورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کریں۔ (ذریعۃ الوصول، ص ۱۰)



ایمان کی حفاظت


اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِکَ

جو شخص پچاس مرتبہ دن میں اور پچاس مرتبہ رات میں اس دُرود شریف کا وِرد رکھے تو اس کا ایمان جانے سے محفوظ ہوگا۔ (ذریعۃ الوصول، ص ۱۵۲)

اسّی سال کی عبادت کا ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ
الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا

جمعہ کے دن جہاں نمازِ عصر پڑھی ہو اس جگہ اُٹھنے سے پہلے اسّی مرتبہ یہ دُرود پڑھنے سے اسّی سال کے گناہ معاف ہوتے ہیں اور اسّی سال کی عبادت کا ثواب ملتا ہے۔ (فضائلِ دُرود، ص ۷۰)



مسجد قبا مسلمانوں کی سب سے پہلی مسجد ہے جس میں دو رکعت نفل کا ثواب عمرہ کے برابر ہے


اسماء النبی

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت


اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ عَلٰی قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ ؕ

جو شخص یہ دُرود شریف پڑھے گا اس کو خواب میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوگی۔ (فضائلِ دُرود، ص ۸۷)

مسجد میں آنے اور جانے پر درود

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب مسجد میں جاتے یا مسجد سے نکلتے
تو یہ درود شریف پڑھا کرتے تھے۔ (فضائل درود، ص ۸۵)



یہ وہ مقام ہے جہاں حضور ﷺ عیدین کی نماز ادا کرتے تھے۔

پریشانیاں دُور ہوں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ
الْاُمِّيِّ الطَّاهِرِ الزَّكِيِّ صَلٰوةً تُحَلُّ
بِهِ الْعُقَدُ وَتُفَكُّ بِهَا الْكُرَبُ


یہ دُرود شریف بار بار پڑھنے سے اللہ تعالیٰ پریشانیاں دُور فرما دیتے ہیں۔

(ذریعۃ الوصول، ص ۱۱۳)

جنّت کے پھل

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

جو شخص روزانہ اس دُرود شریف کی پابندی کرے وہ جنّت کے خاص پھل اور میوے کھائے گا۔ (ذریعۃ الوصول، ص ۱۰۳)



مسجد نبوی کے اندر کا خوبصورت منظر

مغفرت کا ذریعہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَكُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ

امام اسماعیل بن ابراہیم مُزنی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں دیکھا اور پوچھا اللہ پاک نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا تو انہوں نے جواب دیا اس دُرود شریف کی برکت سے اللہ پاک نے مجھے بخش دیا اور عزت و احترام سے جنّت میں جانے کا حکم دیا۔ (فضائلِ دُرود، ص۲۶)

عرشِ عظیم کے برابر ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

مِلْأَ السَّمٰوَاتِ وَمِلْأَ الْأَرْضِ وَمِلْأَ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

اس دُرود شریف کے پڑھنے والے کو آسمان و زمین بھر کر اور عرشِ عظیم کے برابر ثواب ملتا ہے۔ (ذریعة الوصول، ص۱۸۱)



مسجد الفتح بحرین اور دمشق میں حضور ﷺ کا موئے مبارک ہے

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ مبارک کی زیارت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَکَ رِضًا وَّلِحَقِّہٖ اَدَآءً

جوشخص نمازِ فجر اور نمازِ مغرب کے بعد ۳۳، ۳۳ بار یہ دُرود شریف پڑھے گا
تو اس شخص کی قبر کے اور روضۂ اقدس کے درمیان ایک کھڑکی کھول دی جائے
گی اور روضۂ اقدس کی راحت اسکو نصیب ہوگی۔ (ذریعۃ الوصول، ص ۱۵۳)

تمام درودوں کے برابر

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

بِعَدَدِ كُلِّ ذِكْرٍ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّةٍ

یہ درود شریف پڑھنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر سارے درود
بھیجنے کے برابر ہے (ذریعۃ الوصول ص[illegible])



مسجد قبلتین جہاں دوران نماز قبلہ تبدیل ہوا

ثواب میں سب سے زیادہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلَّمَ


یہ دُرود شریف پڑھنے میں چھوٹا اور ثواب میں سب سے زیادہ ہے جو شخص روزانہ
پانچ سو مرتبہ اس کو پڑھے تو کبھی محتاج نہ ہو۔ (ذریعۃ الوصول ص۳۵)

قرض کی ادائیگی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

ظہر کی نماز کے بعد یہ دُرود شریف پڑھنے والے کو تین باتیں حاصل ہوں گی۔

① کبھی مقروض نہ ہوگا ② اگر قرض ہوگا تو وہ ادا ہو جائے گا خواہ جتنا بھی قرض ہو ③ قیامت کے دن اس کا کوئی حساب نہ ہوگا۔ (ذریعۃ الوصول ص [illegible])



حضور ﷺ کا روضہ مبارک

دوزخ سے نجات


اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ ؕ

حضرت خلاد رحمۃ اللہ علیہ جمعہ کے دن یہ دُرود شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھا کرتے تھے ان کے انتقال کے بعد ان کے تکیہ کے نیچے سے ایک کاغذ ملا جس پر لکھا ہوا تھا کہ یہ خلاد بن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کے لئے دوزخ سے آزادی کا پروانہ ہے۔ (ذریعۃ الوصول ص۱۸۲)

جنت میں ٹھکانہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ
الْاُمِّیِّ عَلَیْہِ السَّلَامُ

جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ یہ دُرود شریف پڑھنے والے کو مرنے سے پہلے جنت
میں اس کا ٹھکانہ دکھا دیا جائے گا۔ (ذریعۃ الوصول ص[illegible])



ہرقل بادشاہ قیصر روم کے نام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نامہ مبارک کا عکس



مہر نبوی جو اہم خطوط اور فرامین پر ثبت کی جاتی تھی

اہل اسلام اس وقت عالمی سطح پر ابتلاء اور آزمائش کے دور سے گزر رہے ہیں۔ عالمِ کفر کی دجالی تہذیب مختلف شکلوں میں ان کے دلوں سے ایمان کو رخصت کرنے کے لئے زہریلے ہتھیاروں کا استعمال کر رہی ہے جن میں پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا سب سے زیادہ مہلک ثابت ہو رہے ہیں۔ ان عناصر نے مسلمانوں کو ان کے حقیقی مقصد یعنی عبادتِ الٰہی تبلیغِ اسلام اور اقامتِ دین کو ان کے ذہنوں سے محو کر دیا ہے۔

حسبِ ذکرہ بالا صورتِ حال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ہمارا ادارہ اس کوشش میں سرگرداں ہے کہ اسلامی تعلیمات کو عام کیا جائے، مختصر اسلامی لٹریچر کو ہر گھر، اسکول، کالج ہسپتالوں اور کلینکس کی انتظار گاہوں تک پہنچایا جائے تاکہ یہ پیغام ہم سب کے لئے وجہ ہدایت، توشۂ آخرت اور اتمامِ حجت بن جائے۔

اگر آپ اس میں شریکِ کار بننے کے خواہش مند ہوں تو ہم سے رابطہ کریں، آپ کی قیمتی فکر و نظر، سعی و کوشش ہمارے لیے مشعلِ راہ ہوگی۔

اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔ خیر کے کاموں میں ہماری رہنمائی فرمائے۔ آمین


صادق نذیر میموریل ٹرسٹ

SNMT

برائے مشورہ/تعاون و مزید کتب

Cell: 0300-5327345

نعل مبارک کا نقشہ



ISBN 978-969-454-252-2

9 789694 542522

ہدیہ 10.00 روپے

GABA

گابا سنز

اُردو بازار، ایم اے جناح روڈ، کراچی

فون نمبر: 32628266-32636565

e-mail:gebpak@cyber.net.pk